سوال

(137)جرابوں پر مسح کا وقت کب شروع ہوگا؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جرابوں پر مسح کےلیے کیا وضوپوراکر کے اسی وقت جرابیں پہن لے یا وہی نماز پڑھ کر بھی جرابیں مسح کےلیے پہن سکتا ہے۔ نیز کس وقت سے جرابوں پر مسح کا وقت شروع ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

باوضوحالت میں جرابیں کسی وقت بھی پہنی جا سکتی ہیں۔ البتہ مدت مسح اس وقت شروع ہوگی جب وضو ٹوٹے گا۔ مقیم کےلیے ایک دن اورایک رات ہے جب کہ مسافر کےلیے تین دن اوران کی راتیں ہیں۔ (صحیح مسلم ،بَابُ التَّوْقِیتِ فِی الْمَسْحِ عَلَی الْخُفَّیْنِ ،رقم:٢٧٦)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ :صفحہ:155

محدث فتویٰ